राज्य शैक्षणिक संशोधन व प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

پڑھنے کا معیار ۲

گوبی کا سب سے پیارا دوست

Original Publisher: Pratham Books
Author: Sheila Dhir
Illustrator: Anjora Noronha
Translator: Pathan Afreen Fatema

گوبی اور کھٹ پٹ نیلے سمندر کی گہرائیوں میں رہتے تھے۔ دونوں ایک دوسرے کے سب سے اچھے اور پکے دوست تھے، لیکن دیکھنے میں دونوں بالکل ایک دوسرے سے مختلف نظر آتے تھے!

گوبی ایک سات پروں والی مچھلی ہے جس کے پیر نہیں، لیکن اس کی آنکھیں بہت تیز ہیں۔
کھٹ پٹ ایک پسٹل کیکڑا، یعنی ایک قسم کا جھینگا ہے اس کے بڑے پنجے ہر وقت کسی نہ کسی چیز کو ٹٹولتے اور کھٹ پٹ کرتے رہتے ہیں۔ لیکن وہ اپنی آنکھوں سے ٹھیک طرح سے دیکھ نہیں پاتا۔

کٹ۔ کٹ، کٹ۔ کٹ ،کھڑپڑ۔

ارے رے، ہوئے ہوئے!

کھٹ پٹ کے چمٹوں کی آواز سن کر گہرے سمندر کی تمام مخلوق خوف سے بھاگ جاتی ہیں۔
کھٹ پٹ کی آنکھیں اتنی کمزور ہیں کہ وہ اکثر گہرے سمندر کی تاریکی میں کھو جاتی ہے۔
کٹ۔ کٹ، کٹ ۔ کٹ۔ کھٹ۔ پٹ! ارے رے، ہوئے ہوئے!
فکر مت کرو! اس کی سب سے اچھی دوست گوبی اسے اپنے ساتھ گھر لے جانے کے لئے ہمیشہ موجود رہتی ہے۔

ایک چھوٹی سی کھوکھلی جگہ میں کھٹ پٹ کا گھر ہے۔اسی میں گوبی بھی رہتی ہے۔جب بھی ان کے گھر میں ریت آجاتی ہے،تو وہ اسے اپنے چمٹوں سے نکال دیتی ہے۔

کٹ کٹ کھڑ پٹر۔۔۔۔۔

ان کا گھر ہمیشہ صاف ستھرا رہتا ہے۔

ایک دن گوبی اکیلی تیرتی ہوئی بہت دور نکل گئی ۔ "اف ! اب کہیں جا کر کھڑ پٹر سے راحت ملی ۔" "وہ بولی ۔ "کیا ایسے کھٹ پٹ کرنے والے دوست کے ساتھ رہنا ضروری ہے ؟" وہ سوچنے لگی ۔

اچانک ہی گوبی کو دو بڑی بڑی چمکتی ہوئی آنکھیں نظر آئیں۔اس کے سامنے ایک بہت بڑی، بھوکی، باس مچھلی تھی۔یعنی کھجورا مچھلی! "مزیدار گوبی مچھلی کو چکھنے کا اچھا موقع ہے!" یہ کہہ کر کھجورا مچھلی گوبی کے نزدیک تیرتے آیا۔

گوبی ـ نے اپنی آنکھیں بند کرلی اور خوف سے کانپنے لگی۔

کٹ ـ کٹ ، کٹ ـ کٹ ، کھڑ ـ پڑ ! ارے رے ، ہوئے ہوئے !

"اف ! اتنا شور !" کھجورا کے منہ سے نکلا۔

یہ شور کھٹ پٹ نے مچایا تھا جو گوبی کے پیچھے پیچھے
خود بھی وہیں چلا آیا تھا۔
کھجورا مچھلی اس شور سے پریشان ہو کر تیزی
سے دور بھاگ گئی۔

اوہ! گوبی نے کھٹ پٹ کو گلے سے لگا لیا۔ اس کا سب سے اچھا دوست نا ہوتا، تو کیا ہوتا !

ان تصویروں میں سے دوستوں کی پہچان کریں اور ان کی جوڑیاں بنائیں۔ گوبی مچھلی اور پسٹل کیکڑا سمندر کے سب سے بہترین دوستوں کی ایک مشہور جوڑی ہے۔

کیا آپ ان جانوروں اور پرندوں میں سے چن کر ایسی جانداروں کی جوڑیاں بنا سکتے ہیں؟ جو ایک دوسرے کے دوست ہوں؟

1۔ بگلہ

2۔ مکھی

3۔ گائے

4۔ ہرمیٹ کیکڑا

5۔ چیتل

6۔ لنگور

7۔ گھونگا

8۔ سارس کی طرح آبی پرندہ

8.
2.
6.
7.
4.
3.
1.
5.

ان دوستوں سے ملو !

بگلہ اور مکّھی

بگلے اپنی تیز چونچوں سے مردہ جانوروں کی کھال چیرتے ہیں اور پھر ان کا گوشت کھاتے ہیں ۔بعض اوقات مکّھیاں بھی مرے ہوئے جانوروں کی لاش میں انڈے دینے کے لیے ان کے پاس آجاتی ہے۔

بگلہ اور گائے ۔

جب گائے کھیت یا چراگاہ میں چلتی ہے تو گھاس پر بیٹھے کیڑے مکوڑے ہوا میں اڑنے لگتے ہیں بگلے ،گائے کے پیچھے چلتے ہیں اور کیڑے پکڑپکڑ کر کھاتے رہتے ہیں ۔

ہرمیٹ کیکڑے اور گھونگے۔

ہرمیٹ کیکڑے گھونگوں کے ان خالی خولوں کے اندر رہتے ہیں جو گھونگے چھوڑ جاتے ہیں۔

چیتل اور لنگور۔

جب چیتل کوئی خطرہ محسوس کرتے ہیں تو وہ اپنے پاؤں زمین پر مارتے ہوئے اپنے کھروں کی آواز سے لنگوروں کو چوکنّا کر دیتے ہیں۔ ان کا اشارہ لیتے ہوئے لنگور شکاری جانوروں سے بچنے کے لیے درختوں کی چوٹیوں کی طرف چلے جاتے ہیں !بدلے میں، لنگور سبز پتوں کو توڑ توڑ کر چیتل ہرن کے کھانے کے لئے نیچے گراتے رہتے ہیں

This book was made possible by Pratham Books' StoryWeaver platform. Content under Creative Commons licenses can be downloaded, translated and can even be used to create new stories - provided you give appropriate credit, and indicate if changes were made. To know more about this, and the full terms of use and attribution, please visit the following link.

Story Attribution:

This story: گوبی کا سب سے پیارا دوست is translated by Pathan Afreen Fatema . The © for this translation lies with SCERT, Maharashtra, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Goby's Noisy Best Friend', by Sheila Dhir . © Pratham Books , 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: Happy goby fish and pistol shrimp, by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Goby fish and Snap swimming , by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Blind pistol shrimp, by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Snap scares the fish, by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Pistol shrimp on goby fish, by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Sad goby fish looks at pistol shrimp, by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Goby fish swims alone in the sea, by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Sea bass looks at goby fish, by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Scared goby fish, by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Pistol shrimp saves goby fish, by Anjora Noronha © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

گوبی کا سب سے پیارا دوست

(Urdu)

گوبی کا سب سے پیارا دوست بغیر پیروں والی گوبی مچھلی اور کبھی چپ نا رہنے والا کھٹ پٹ جھینگا ایک دوسرے کے سب سے اچّھے دوست ہیں ۔دونوں سمندر کی تہہ میں موجود ایک گہرے غار میں رہتے ہیں ۔کھٹ پٹ کے چوموں کی تیز آواز سے ایک دن گوبی بُری طرح پریشان ہو گئی ۔پھر کیا ہوا ؟

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.